سوال

(442) کیا وہ امام کے ساتھ مل کر پہلی تکبیرات لوٹائے گا؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

اگر ایک بندہ نماز جنازہ میں لیٹ شامل ہو، اس کی ایک دو تکبیرات رہ گئی ہیں وہ کیا کرے گا؟ کیا وہ امام کے ساتھ مل کر پہلی تکبیرات لوٹائے گا یا اسی کے ساتھ سلام پھیر دے گا؟

(سجاد الرحمن)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

امام کے ساتھ سلام نہ پھیرے، اس کی جتنی تکبیرات رہ گئی ہیں وہ پوری کر کے سلام پھیرے۔ جس طرح وہ رکوع و سجود والی نماز میں کرتا ہے۔ ((مَا أَدْرَكْتُمْ فَصَلُّوا وَمَا فَاتَكُمْ فَأَتِمُّوا)) [1] ''جو نماز تمہیں مل جائے پڑھ لو اور جو فوت ہو جائے اسے بعد میں پورا کرو۔''] ۱۳ ا ۱۴۲۴ھ

1. بخاری کتاب الأذان باب لایسعی الی الصلاة ولیاتها بالسکینة والوقار، مسلم المساجد باب استحباب اتیان الصلاة بوقار وسکینة

قرآن وحدیث کی روشنی میں احکام ومسائل

جلد 02 ص 368

محدث فتویٰ